PAKISTAN TOBACCO COMPANY

# NOTICE OF ANNUAL GENERAL MEETING

NOTICE IS HEREBY GIVEN that the Sixty Ninth Annual General Meeting (AGM) of Pakistan Tobacco Company Limited ("the Company") will be held at the Serena Hotel, Khayaban-e-Suhrwardy, Islamabad on Wednesday, 20th April, 2016 at 10.30 a.m. to transact the following business:

**ORDINARY BUSINESS:**

1. To receive, consider and adopt the audited Accounts for the year ended 31st December, 2015, and the Report of the Directors and Auditors thereon.
2. To approve the Final Dividend as recommended by the Board
3. To appoint Auditors and to fix their remuneration.
4. To elect 9 directors as fixed by the Board, for a period of three years commencing 20th April, 2016 (close of business). The names of the retiring directors are Mr. Mueen Afzal, Mr. Graeme Douglas Amey, Mr. Syed Javed Iqbal, Mr. Felicio Ferraz Junior, Ms Hae In KIM, Mr. Tajamal Shah, Lt. Gen. (Retd.) Ali Kuli Khan Khattak, Mr. Abid Niaz Hasan and Mr. Syed Asif Shah.

BY ORDER OF THE BOARD
AYESHA RAFIQUE
COMPANY SECRETARY

Islamabad: March 27, 2016

**NOTES:**

**1. Closure of Share Transfer Books**

The Share Transfer Books of the Company will be closed from 14th April, 2016 to 20th April, 2016 both days inclusive. Transfers received in order at the office of the Company's Share Registrar, FAMCO Associates (Pvt.) Ltd, 8-F, Next to Hotel Faran, Nursery,Block-6, P.E.C.H.S., Shahrah-e-Faisal, Karachi at the close of business on 13th April, 2016, will be in time to be entitled to vote and for the entitlement of dividend.

**2. Participation in the Annual General Meeting**

A member of the Company entitled to attend and vote at the Meeting is entitled to appoint a proxy and such proxy will have the right to attend, speak and vote in place of that member. Forms of proxy must be deposited at the office of the Company's Share Registrar not less than 48 hours before the time appointed for the Meeting and in default, forms of proxy will not be treated as valid.

Attendance of members who have deposited their shares into Central Depository Company of Pakistan Limited shall be in accordance with the following:-

A) In Person:

i) Individuals must bring their participant's ID number and account/sub-account number along with original Computerized National Identity Card (CNIC) or original Passport at the time of attending the Meeting

ii) In the case of a corporate entity, presentation of a Board of Directors' Resolution/Power of Attorney with specimen signatures of the nominee at the time of the Meeting.

B) By Proxy:

i) In case of individuals, the submission of the proxy form as per the requirement notified in Note 2 above.

ii) The proxy form shall be witnessed by two persons whose names, addresses and CNIC numbers shall be stated on the form.

iii) Attested copies of CNIC or the passport of the beneficial owners and proxy shall be furnished with the proxy form.

iv) The proxy shall produce his original CNIC or original passport at the time of the Meeting.

v) In case of a corporate entity, the Board of Directors' Resolution/Power of Attorney with specimen signatures shall be submitted with the proxy form to the Company.

**3. CNIC / NTN Number on Dividend Warrant (Mandatory)**

As has already been notified from time to time, the Securities and Exchange Commission of Pakistan (SECP) vide Notification S.R.O. 19(I)/2014 dated 10th January 2014 read with Notification S.R.O. 831(1)/2012 dated July 5, 2012 require that the Dividend Warrant(s) should also bear the Computerized National Identity Card (CNIC) Number of the registered shareholder or the authorized person, except in case of minor(s) and corporate shareholder(s).

Henceforth, issuance of dividend warrant(s) will be subject to submission of CNIC (individuals) / NTN (corporate entities) by shareholders

**4. Deduction of Income Tax from Dividend under Section 150 the Income Tax Ordinance, 2001 (Mandatory)**

(i) Pursuant to the provisions of the Finance Act 2015 effective July 1, 2015, the rates of deduction of income tax from dividend payments under the Income Tax Ordinance have been revised as follows:

1. Rate of tax deduction for filer of income tax return 12.5%
2. Rate of tax deduction for non-filers of income tax return 17.5%

To enable the company to make tax deduction on the amount of cash dividend @ 12.5% instead of 17.5%, shareholders whose names are not entered into the Active Tax-payers List (ATL) provided on the website of FBR, despite the fact that they are filers, are advised to immediately make sure that that their names are entered in ATL, otherwise tax on their cashdividend will be deducted @ 17.5% instead of 12.5%

(ii) Withholding Tax exemption from the dividend income, shall only be allowed if copy of valid tax exemption certificate is made available to FAMCO Associates (Pvt) Ltd., by the first day of Book Closure .

(iii) Further, according to clarification received from Federal Board of Revenue (FBR), with-holding tax will be determined separately on 'Filer/Non-Filer' status of Principal shareholder as well as joint-holder (s) based on their shareholding proportions, in case of joint accounts.

In this regard all shareholders who hold shares jointly are requested to provide shareholding proportions of Principal shareholder and Joint-holder(s) in respect of shares held by them (only if not already provided) to our Share Registrar, in writing as follows:

| Company Name | Folio/CDS Account # | Total Shares | Principal Shareholder | | Joint Shareholder | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | Name and CNIC # | Shareholding Proportion (No. of Shares) | Name and CNIC # | Shareholding Proportion (No. of Shares) |

The required information must reach our Share Registrar within 10 days of this notice; otherwise it will be assumed that the shares are equally held by Principal shareholder and Joint Holder(s).

iv) The corporate shareholders having CDC accounts are required to have their National Tax Number (NTN) updated with their respective participants, whereas corporate physical shareholders should send a copy of their NTN certificate to the company or FAMCO Associates (Pvt.) Ltd. The shareholders while sending NTN or NTN certificates, as the case may be, must quote company name and their respective folio numbers.

**5. Dividend Mandate (Optional)**

In pursuance of the directions given by the Securities and Exchange Commission of Pakistan (SECP) vide Circular No. 18 of 2012 dated June 05, 2012, it is to inform you that under Section 250 of the Companies Ordinance, 1984 a shareholder may, if so desired, direct the Company to pay dividend through his/her/its bank account. Further, transferee of shares may exercise option for dividend mandate by using the revised "Form of Transfer Deed" available on our Share registrar's website www.famco.com.pk. The revised form of transfer deed will enable the transferees to receive cash dividend directly in their bank accounts, if such transferee provides particulars of its bank account which he/she/it desires to be used for credit of cash dividend.

If they so desires the shareholders have the option to seek the dividend mandate by using the standardized "Dividend Mandate Form" available on our Share registrar's website www.famco.com.pk

Shareholders who hold shares in physical form are requested to submit the required Dividend Mandate Form to our Share Registrar, while those shareholder who hold shares in Central Depository Company are to submit the Dividend Mandate Form to their Participant/ Investor Account Services.

**6. Change of Address**

Members are requested to notify any change in their addresses immediately. Members are requested to notify the Company's Share Registrar promptly of changes in their address.

**7. Contact Details:**

Company Contact: Company Secretary, Pakistan Tobacco Company Limited, Serena Business Complex, Khayaban-e-Suhrwardy, Islamabad
Phone: (051) 2083200

Share Registrar:
FAMCO Associates (Pvt.) Ltd, 8-F, Next To Hotel Faran, Nursery, Block-6, P.E.C.H.S., Shahrah-e-Faisal, Karachi
Phone: (021) 34380101-5
Email address: info.shares@famco.com.pk

PAKISTAN TOBACCO COMPANY

# اطلاع برائے سالانہ اجلاس عام

یہ اطلاع دی جاتی ہے کہ پاکستان ٹوبیکو کمپنی لمیٹڈ ("کمپنی") کا 69واں سالانہ اجلاس عام (اینوئل جنرل میٹنگ) بروز بدھ 20 اپریل 2016 صبح 10:30 سرینا ہوٹل، خیابان سہروردی، اسلام آباد میں منعقد ہوگا۔ اجلاس کا ایجنڈا ذیل میں دیا جا رہا ہے:

## معمول کے معاملات:

1۔ 31 دسمبر 2015 کو ختم ہونے والے سال کی آڈٹ رپورٹ اور ڈائریکٹرز اور آڈیٹرز کی طرف سے رپورٹ کی وصولی، ان پر غور اور انہیں منظور کرنا

2۔ بورڈ کی طرف سے حتمی طور پر تجویز کردہ منافع کو منظور کرنا

3۔ آڈیٹرز کی تقرری اور ان کے لیے معاوضے کا تعین

4۔ بورڈ کی طرف سے نامزد کردہ 9 ڈائریکٹرز کا انتخاب کرنا۔ یہ ڈائریکٹرز تین سالہ مدت کے لیے منتخب کیے جائیں گے۔ اس مدت کا آغاز 20 اپریل 2016 سے ہوگا (اختتام کاروبار)۔ ریٹائر ہونے والے ڈائریکٹرز کے نام ہیں: جناب معین افضال، جناب گریم ڈگلس ایمے، جناب سید جاوید اقبال، جناب فلیشیو فیرز جونیئر، جناب ہائے ان کیم، جناب تجمل شاہ، جناب لیفٹیننٹ جنرل (ر) علی قلی خان خٹک، جناب عابد نیاز حسن اور جناب سید آصف شاہ۔

منجانب بورڈ

عائشہ رفیق

کمپنی سیکرٹری

اسلام آباد: 27 مارچ 2016

## نوٹس:

1۔ شیئرز ٹرانسفر بکس کی بندش

کمپنی کی شیئرز ٹرانسفر بکس 14 اپریل 2016 سے 20 اپریل 2016، بشمول دو دن، بند رہے گی۔ کمپنی کے شیئرز رجسٹرار FAMCO ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ، کے دفتر واقع F-8، نزد ہوٹل فاران، نرسری، بلاک 6، پی ای سی ایچ ایس، شاہراہ فیصل، کراچی میں 13 اپریل 2016، کو کاروباری یوم کے اختتام سے قبل موصول ہونے والی ٹرانسفر آرڈر ووٹ دینے اور منافع موصول کرنے کے اہل قرار پائیں گے۔

2۔ سالانہ اجلاس عام میں شرکت

کمپنی کا وہ رکن جو کمپنی کے سالانہ اجلاس میں شرکت کرنے اور ووٹ دینے کا اہل ہو، اپنا نمائندہ مقرر کر سکتا ہے۔ اس نمائندے کو رکن کی طرف سے اجلاس میں شرکت کرنے، موقف بیان کرنے اور ووٹ دینے کا اختیار ہوگا۔ نمائندہ مقرر کرنے کا فارم اجلاس کے لیے مقررہ وقت سے کم از کم 48 گھنٹے قبل کمپنی کے شیئرز رجسٹرار کے دفتر میں پہنچ جانا لازمی ہے بصورت دیگر فارم مسترد تصور کیا جائے گا۔

جن ارکان نے اپنے شیئرز پاکستان ٹوبیکو کمپنی لمیٹڈ کی سنٹرل ڈیپازٹری میں جمع کروا دیے ہوں، اجلاس میں شرکت کے لیے ان پر لازم ہے:

(اے) بذات خود:

i۔ انفرادی رکن اپنے شریک اجلاس کا شناختی نمبر اور اکاؤنٹ/ذیلی اکاؤنٹ نمبر اور اس کے ساتھ کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (CNIC) یا اصل پاسپورٹ ہمراہ لائے

ii۔ کارپوریٹ ادارے کی صورت میں اجلاس میں شرکت کرنے کا پاور آف اٹارنی، جس پر بورڈ آف ڈائریکٹرز کے دستخط موجود ہوں، پیش کرے

(بی) نمائندے کی صورت میں:

i۔ انفرادی رکن کی صورت میں، نمائندے ہونے کا فارم جمع کرایا جائے، جیسا کہ نوٹ 2 میں بیان کیا گیا ہے۔

ii۔ پراکسی فارم (نمائندہ مقرر کرنے کا نام) پر دو گواہوں کے نام، پتے اور CNIC نمبر درج کرنا لازمی ہے۔

iii۔ مالکان اور مقرر کردہ نمائندے کے CNIC یا پاسپورٹ کی تصدیق شدہ نقول پراکسی فارم کے ہمراہ فراہم کرنا لازمی ہے۔

iv۔ اجلاس کے وقت مقرر کردہ نمائندے سے اس کا اصل CNIC یا پاسپورٹ طلب کیا جائے گا۔

v۔ کاروباری ادارہ ہونے کی صورت میں، بورڈ آف ڈائریکٹرز کی طرف سے جاری کردہ پاور آف اٹارنی، جس پر ان کے دستخط بھی موجود ہوں، پراکسی فارم کے ہمراہ کمپنی کو فراہم کرنا لازمی ہے۔

3۔ منافع کے وارنٹ پر قومی شناختی کارڈ/این ٹی این نمبر

جیسا کہ پہلے بھی وقتاً فوقتاً مطلع کیا گیا، سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (SECP) نے بذریعہ نوٹیفکیشن SRO 19(1)2014، بتاریخ 10 جنوری 2014، جسے نوٹیفکیشن SRO 831(1)2012 بتاریخ 5 جولائی 2012 کے ساتھ ملا کر پڑھا جائے، سے مطلع کیا ہے کہ منافع وارنٹ (وارنٹس) پر رجسٹرڈ شیئرز ہولڈرز یا ان کے مجاز نمائندے، ماسوائے اگر شیئرز ہولڈر کمسن اور کارپوریٹ شیئرز ہولڈر (ز) نہیں، کے کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (CNIC) نمبر درج ہونا لازمی ہے۔ لہذا منافع وارنٹس کا اجراء شیئرز ہولڈرز کی طرف سے CNIC (فردی صورت میں)/این ٹی این (کاروباری ادارے کی صورت میں) کی فراہمی سے مشروط ہے۔

4۔ انکم ٹیکس آرڈیننس، 2001 کی شق 150 کے تحت منافع سے انکم ٹیکس کی کٹوتی (لازمی)

i۔ فنانس ایکٹ 2015، لاگو بتاریخ یکم جولائی 2015 کے مطابق انکم ٹیکس آرڈیننس کے تحت منافع پر انکم ٹیکس کی کٹوتی کی شرح میں نظر ثانی کی گئی ہے:

1۔ انکم ٹیکس ریٹرن فائل کرنے والوں کے لیے ٹیکس کٹوتی کی شرح: 12.5%

2۔ انکم ٹیکس ریٹرن فائل نہ کرنے والوں کے لیے ٹیکس کٹوتی کی شرح: 17.5%

اگر آپ چاہتے ہیں کہ کمپنی آپ کے نقد منافع پر 17.5% کی بجائے 12.5% کی شرح سے انکم ٹیکس کی کٹوتی کرے تو ایسے شیئرز ہولڈر جن کا نام ایف بی آر کی ویب سائٹ میں ایکٹیو ٹیکس پیئر (ActiveTax-Payers-ATL) کی فہرست میں شامل نہیں، چاہے وہ ٹیکس ریٹرن فائلر ہیں، انہیں تجویز دی جاتی ہے کہ وہ ATL فہرست میں اپنا نام یقینی بنائیں، بصورت دیگر 12.5% کی بجائے 17.5% کی شرح سے انکم ٹیکس کی کٹوتی کی جائے گی۔

ii۔ منافع کی آمدن ود ہولڈنگ ٹیکس سے اسی صورت مستثنیٰ ہوگی جب ٹیکس سے استثنیٰ کا سرٹیفکیٹ بک کی بندش کے پہلے دن تک FAMCO ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ کے دفتر جمع کرایا جائے

iii۔ مزید براں، فیڈرل بورڈ آف ریونیو (FBR) کی طرف سے موصول ہونے والی وضاحت کے مطابق پرنسپل شیئرز ہولڈر اور جوائنٹ ہولڈرز کی صورت میں شیئرز میں مالکان کے حصے کے تناسب سے "فائلر/نان فائلر" کی بنیاد پر ود ہولڈنگ ٹیکس کا تعین کیا جائے گا۔

ایسی صورت میں جوائنٹ شیئرز میں حصہ دار شیئرز ہولڈرز سے درخواست کی جاتی ہے کہ ہمارے شیئرز رجسٹرار کو پرنسپل شیئرز ہولڈرز اور جوائنٹ ہولڈر (ز) کے تناسب سے آگاہ کریں (اگر پہلے ہی آگاہ نہیں کیا گیا)۔ یہ معلومات مندرجہ ذیل ترتیب سے فراہم کی جائیں:

| کمپنی کا نام | فولیو/سی ڈی ایس اکاؤنٹ نمبر | کل شیئرز | پرنسپل شیئرز ہولڈر | | جوائنٹ شیئرز ہولڈر | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | نام اور CNIC | شیئرز کا تناسب (تعداد) | نام اور CNIC | شیئرز کا تناسب (تعداد) |

مذکورہ بالا معلومات ہمارے شیئرز رجسٹرار کے دفتر میں اس نوٹس کے بعد 10 دن کے اندر پہنچ جانی چاہئیں؛ بصورت دیگر یہ تصور کیا جائے گا کہ تمام شیئرز پرنسپل شیئرز ہولڈر اور جوائنٹ ہولڈر (ز) میں مساوی تقسیم کیے گئے ہیں۔

iv۔ CDC اکاؤنٹس کے حامل کارپوریٹ شیئرز ہولڈرز اپنے متعلقہ شریک کے ساتھ اپنا نیشنل ٹیکس نمبر (NTN) اپ ڈیٹ رکھیں، جبکہ کارپوریٹ فزیکل شیئرز ہولڈرز اپنے این ٹی این سرٹیفکیٹ کی نقل FAMCO ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ کے دفتر میں جمع کروائیں۔ شیئرز ہولڈرز اپنا این ٹی این یا این ٹی این سرٹیفکیٹ، جو بھی لاگو ہے، بھیجتے ہوئے کمپنی کا نام اور اپنا فولیو نمبر درج کریں۔

5۔ منافع کا مینڈیٹ (لازمی نہیں)

سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (SECP) کے 2012 کے سرکلر نمبر 18 بتاریخ 5 جون 2012 کے مطابق آپ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ کمپنیز آرڈیننس 1984 کی شق نمبر 250 کے مطابق شیئرز ہولڈر چاہے تو کمپنی اس کے منافع کو اس کے/اس کی کمپنی کے بینک اکاؤنٹ کے ذریعے ادا کر سکتی ہے۔

مزید براں، شیئرز ٹرانسفرز کرنے والے ہماری شیئرز رجسٹرار کی ویب سائٹ (www.famco.com.pk) پر موجود "فارم آف ٹرانسفر ڈیڈ" (Form of Transfer Deed) کے نظر ثانی شدہ ورژن کے ذریعے منافع کے مینڈیٹ کے آپشن کو استعمال کر سکتے ہیں۔

ٹرانسفر ڈیڈ کے نظر ثانی شدہ ورژن کے ذریعے منافع براہ راست بینک اکاؤنٹ میں منتقل کیا جا سکتا ہے، بشرطیکہ شیئرز ٹرانسفر کرنے والے ہولڈر اپنے/اپنی کمپنی کے بینک اکاؤنٹ کی تفصیل فراہم کرے۔

اگر وہ ایسا چاہیں تو شیئرز ہولڈرز ہمارے شیئرز رجسٹرار کی ویب سائٹ (www.famco.com.pk) پر موجود معمول کے "ڈیویڈنڈ مینڈیٹ فارم" (Dividend Mandate Form) کے ذریعے منافع کے مینڈیٹ استعمال کر سکتے ہیں۔

ایسے شیئرز ہولڈرز جن کے پاس فزیکل شکل میں شیئرز موجود ہیں، اپنے مطلوبہ منافع مینڈیٹ فارم ہمارے شیئرز رجسٹرار کے پاس جمع کرائیں جبکہ وہ شیئرز ہولڈرز جن کے شیئرز سنٹرل ڈیپازٹری کمپنی میں ہیں، اپنے شریک/انویسٹر اکاؤنٹ سروسز کو مینڈیٹ فارم جمع کرائیں۔

6۔ پتے میں تبدیلی

ارکان سے درخواست کی جاتی ہے کہ کمپنی کو پتے میں تبدیلی سے فی الفور آگاہ کیا جائے۔ اگر ان کے پتے میں کوئی تبدیلی ہے تو کمپنی شیئرز رجسٹرار کو جلد از جلد آگاہ کریں۔

7۔ رابطے کی معلومات:

کمپنی دفتر کا پتہ: کمپنی سیکرٹری، پاکستان ٹوبیکو کمپنی لمیٹڈ، سرینا بزنس کمپلیکس، خیابان سہروردی، اسلام آباد

فون: 051-2083200

شیئرز رجسٹرار: FAMCO ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ، 8-ایف، نزد ہوٹل فاران، نرسری، بلاک 6، پی ای سی ایچ ایس، شاہراہ فیصل، کراچی

فون: 021-34380101-5

ای میل ایڈریس: info.shares@famco.com.pk